13 دسمبر 2024ء

# ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن نے سالانہ رپورٹ برائے مالی سال 24-2023ء جاری کر دی

ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن (ڈی پی سی) نے جون 2024ء کو مکمل ہونے والے مالی سال کی اپنی سالانہ رپورٹ جاری کر دی جو اس کی چوتھی سالانہ رپورٹ ہے۔ رپورٹ کے اجرا کا مقصد کارپوریشن کی مالی کارکردگی، عملی سرگرمیوں اور کامیابیوں کی مکمل معلومات فراہم کرنا ہے۔

ڈی پی سی کا قیام ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن ایکٹ 2016ء کے تحت عمل میں آیا جو اسٹیٹ بینک کے ماتحت ادارے کے طور پر کام کرتا ہے، اس کا مقصد کسی بینک کے دیوالیہ ہونے کی غیر متوقع صورت میں اس کے ڈپازٹرز کے نقصان کی تلافی کرنا ہے بشرطیکہ دیوالیہ ہونے کی تصدیق اسٹیٹ بینک کی جانب سے کی جائے۔ مالی سال 24-2023ء کی ڈی پی سی کی سالانہ رپورٹ میں مجموعی اور تلافی کے اہل ڈپازٹس اور بینکوں کے ڈپازٹرز کے کوریج کا تناسب تفصیل سے گراف کی صورت میں بیان کیا گیا ہے۔ 30 جون 2024ء تک شیڈول بینکوں کے ڈپازٹرز کی تعداد 79.2 ملین ہے جن میں سے 78 ملین ڈپازٹرز تلافی کی وصولی کے اہل ہیں اور ان کے ڈپازٹس کو کارپوریشن کی وضع کردہ حد تک تحفظ حاصل ہے۔

رپورٹ میں ڈپازٹ کے تحفظ کے لیے ڈی پی سی کے پاس موجود خطیر رقم کا ذکر کیا گیا ہے جو اِس وقت مجموعی طور پر 148 ارب روپے ہے۔ یہ رقم ڈی پی سی کی ان کوششوں کا ثبوت ہے جو وہ اپنے کسی رکن بینک کی غیر متوقع نادہندگی کی صورت میں اہل ڈپازٹرز کو ہونے والے نقصانات کے ازالے کی غرض سے اپنے فرائض کی تکمیل کے لیے کر رہی ہے۔ چنانچہ رپورٹ پاکستان میں مالی استحکام کے فروغ میں کارپوریشن کے کردار کو اجاگر کرتی ہے۔

سالانہ رپورٹ میں ڈپازٹ کے تحفظ کی اسکیم کی اہم خصوصیات اور آگاہی پھیلانے کے لیے اس کی مہمات اور معلوماتی سیشن کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں جو ملک کے مختلف علاقوں میں منعقد کیے گئے۔ اس کے علاوہ رپورٹ میں ایک جامع مالی جائزہ اور پانچ سالہ مدت کے تقابلی تجزیے کے ساتھ ساتھ آڈیٹر کی رپورٹ اور 24-2023ء کے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے بھی شامل کیے گئے ہیں۔

یہ سالانہ رپورٹ 24-2023ء ڈی پی سی کی ویب سائٹ کے اس لنک پر دیکھی جا سکتی ہے:
https://www.dpc.org.pk/Publications/AnnualReports/AR-2023-24.pdf

*****